The next mover on the list, Shri Annaji Rao Gavane, was found not present in the House, and, therefore, the cut motion standing in his name was not moved.

Demand No 2—State Excise Duty

Shri Ankushrao Venkatrao Mr Speaker, Sir, I beg to move:

" That the demand under the head ' State Excise Duty ' be reduced by Re. 1 to discuss the policy of the Excise Department, particularly laxity in superintendence."

Mr. Speaker . Motion moved :

"That the demand under the head ' State Excise Duty' be reduced by Re. 1 to discuss the laxity in superintendence in the Excise Department."

These are all the cut motions that have been moved, except one which stands in the name of Shri Annajirao Gavane Now Shri M. Buchiah.

Shri M Buchiah. Mr. Speaker, Sir Now a demand for Rs 78,31,000 is before the House, which is scheduled to be spent on the Excise Department machinery, official staff in the districts, and also on the T A. Bills of the officials, who go round the districts and in their respective places where the excise work is going on. .

Mr. Speaker: Just a minute..

جیسا کہ میں نے دو پہر میں کہا تھا ہمارے سامنے ڈیمانڈس ہیں اور انکا تصفیہ ہونا ہے ۔ اس کے لئے دو دن یعنی ۲۷ اور ۲۸ کی اجازت دی گئی ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اجازت کے بغیر ہم ۳ تاریخ تک ڈیمانڈس کی سطری کے لئے ڈسکشن جاری نہیں رکھ سکتے ۔ ایسی صورت میں اگر ہم کل ہاؤس کو صبح ہی سے طلب کریں تو ہمیں زیادہ وقت مل سکے گا ۔ اس سلسلے میں میں ہاؤس کی رائے معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ کیا ہم کل ۹ بجے سے اجلاس شروع کرکے آفٹرنون (After noon) میں بھی بیٹھیں اور پورے ڈیمانڈس ختم ہونے تک کام کریں ؟

شریمتی لکشمی بائی ۔ کل ایک ہی دن کی حد تک ہے یا روزانہ یہی وقت رہیگا ؟

مسٹر اسپیکر ۔ کل ایک دن کی حد تک ۔

شری وی ۔ ڈی ۔ دیشپانڈے ۔ کیا اپروپریشن بل (Appropriation Bill) ۳۰ جون کو آئیگا ؟

مسٹر اسپیکر ۔ ہاں ۳۰ جون کو آئیگا ۔ کل شام میں ۸ بجے تک بیٹھینگے یا ۹ بجے تک ؟

شریمتی شاہجہان بیگم ۔ ۸ بجے تک ٹھیک ہوگا ۔

مسٹر اسپیکر ۔ میں سمجھتا ہوں ۸ بجے تک ہمارا کام ختم ہو جائیگا ۔

شری وی ۔ ڈی ۔ دیشپانڈے ۔ بہر حال پورے ڈیمانڈس ختم ہونے تک بیٹھنا ہوگا ۔

مسٹر اسپیکر ۔ ہاں ڈیمانڈس ختم ہونے تک ہی بیٹھنا ہوگا ۔ آنریبل ممبر آپ اپنی تقریر جاری رکھ سکتے ہیں ۔

Shri M. Buchiah :—This amount of Rs 78,31,000 is going to be spent on the Government machinery in the districts, House-rent and also T.A Bills of the officials, who go round in their respective talukas and districts As it is, we have got 3 Deputy Commissioners, 17 Superintendents, 70 Assistant Superintendents, 84 Inspectors, 476 Sub-Inspectors, 28 Dafedars and 2115 Jamedars in the districts All these officials are expected to go round their respective places for inspection and to take preventive measures to stop any illegal or illicit things which are going on In addition to this, an amount of Rs 2,68,580 is also shown towards their T A Bills in the same Budget But I find these people not doing their duties properly, nor going round inspecting These jawans or whatever they are called—are never seen in the talukas doing duties properly On the other hand, we see these jawans doing the duties in the houses of Inspectors or Sub-Inspectors I do not think that we are paying such huge amounts to be utilised by these officials for their household purposes, nor are such huge amounts meant for their private use We also see that huge corruption is prevailing in this Department Last year as per the statement of 1951-52 we see that 32,69,436 trees have been tapped, the revenue of which has been remitted into the Treasury, but I contend—and it may be a fact-that not less than 50% of the trees, which means Rs 15 lakhs, have been tapped without number Thus, approximately they amount to something like Rs. 3 crores Well, I do not think that we are paying these officials, Jamedars and Dafedars, to see that they come in the way of the Government, and prevent that amount which ought to have come to the Government Exchequer, to pocket it for their private use.

شری بھگونت راؤ گاڑے - ہندی میں فرمائے -

Shri M. Buchiah : I am sorry, I cannot express myself in Hindi

مسٹر اسپیکر - جو اردو زبان میں بھاشن نہیں دے سکتے وہ انگریزی میں بولتے ہیں اسلئے بار بار یہ مسئلہ اٹھانا مفید نہ ہوگا -

Shri M Buchiah In this connection, I would like to bring to the notice of the House a few facts about the contractors who acquired shops in the districts, or cities and towns. I think every hon. Member of the House is aware that the contractor has not only to pay 12 months 'Baithak' to the

Government, but he has also to pay as illegal gratification not less than three or four months 'Baithak'—to the Superintendents, Assistant Superintendents, Inspectors and others This amounts to something like a crore of rupees, and these gratifications, I believe, contractors have no pleasure in paying nor are they in favour of losing this amount, unless they derive sufficient benefit by way of giving that I wish to bring to the notice of this House that there are nearly 7983 licensed shops in the State, but we observe that not less than a lakh of unlicensed shops exist under the very nose of the Government Officials inspite of the fact that we pay them not less than Rs. 2 lakhs and odd to go round the places, inspect and prevent such illegal things going on But we do not see anything coming out of that.

My intention in bringing this cut motion was to impress upon the House that the Inspectors or other Government Officials get more by way of illegal gratification than what they would get by way of salaries If an Inspector gets a monthly remuneration of Rs. 150 a month, it may amount to not more than 2 thousand rupees a year I can assure the House that his income privately would be more than 20 thousand a year If the Government cannot prevent this sort of corruption and bribery, and if it is bold enough, let it declare that it would like to have in Government Inspectors without salaries I am sure that hundreds and thousands of applicants will pour in, accepting the appointment in view of the fact that they would get more through bribery than what they would get through salaries. Not only that, if the Government is still more bold, it can go a little further and say that they want people who could work without salary and also afford to pay something to the Government . I am sure that many people will come forward and will be prepared to pay something like 2 or 3 thousand rupees per month to the Government and work without salaries. Therefore, what I want to say is that the Government should cut down its allotted budget by 10 lakhs to see that money is in no way lost to the exchequer If the Government is capable or if it is efficient it can see its ways and means to ensure that this 3 or 4 crores of rupees which are going into the private pockets of corruptive Government Officials, is brought into the State's exchequer. This money, I am sure, will not only save our deficit budget but also sufficient to run our industries such as the Sirpur Paper Mills and the Sirsilk Factory which is under completion and thus they, can be prevented from being sold to private enterprises. These factories, as the Minister concerned admitted the other day,

are going to be sold in view of the fact that Government has no finance It has been stated that the Sirpur Paper Mills requires 2½ crores of rupees and the Sirsilk, to complete its construction, requires.... .

The Minister for Argiculture and Supply (Dr. Chenna Reddy) I think we are discussing demands on Excise

Shri M Buchiah I am speaking about Excise only If the Excise Department is run efficiently, the Government can get about 3 crores and with these 3 crores we may help the industries, which we want to sell out

Shri V.D. Deshpande · He is only suggesting a source of income.

Shri M Buchiah The next point I wish to deal with is the adulteration of toddy The other day when a question was raised as to whether the Minister is aware that adulteration of toddy is going on in the State, the Minister replied that he is not aware of any such thing but he will see into it whether any poisonous drugs are being used for the adulteration of toddy. But I am sure this reply would not have convinced the people, who are every day observing the illicit adulteration of toddy The common man is feeling it an everyday problem and the Minister's reply would not go near him

(At this stage Mr. Speaker rang the bell)

I have not spoken in this House before and I request that more time may be allotted to me.

مسٹر اسپیکر - کل ۱۰ کٹ موشنس ہیں - اگر ۱۰-۱۰ منٹ بھی دئے جائیں تو جو ٹائم رکھا گیا ہے وہ کافی نہ ہوگا - اسلئے یہ کہنا کہ مجھے اس سے پہلے موقع نہیں دیا گیا غیر ضروری ہو جاتا ہے -

Shri M. Buchiah : I have not taken up the time of the House before.

Mr. Speaker : That does not mean that the hon Member can make it up by speaking the whole of today. (Laughter)

Shri M. Buchiah . Lastly, I want to say something about the tappers, who form the backbone of the Government because they contribute more than one-thirds of the total revenue of the state, about 11 corores and odd. These people are being overlooked from the beginning and no facilities or amenities have been given to these poor tappers, who are

worse off than those of the scheduled castes or the backward classes in the State I am of the opinion that these people ought to be included among the backward classes and schedule tribes, as I feel, from their status and conditions of work, they are in no way better than the scheduled castes or other backward people

This tapping is an industry by itself which pays to Government something equal to one-thirds of the entire revenue The treatment given to this particular class of people—who are said to be not totally unskilled, but skilled labourers is poor and they have not been given their proper and due share in the budget Nothing is mentioned about aemnities for them. This job of tapping--this work of getting on trees day in and day out, is a dangerous job and accidents may take place frequently Nothing is provided for first-aid or relief to the tappers in the districts noi does anyone take any interest in their needs In this connection I would request the Minister concerned and also the Chief Minister, who was the Excise Minister in the previous Government to see that some sort of relief is given to this particular class, not only for their economic and social upliftment but also for the elimination of the middlemen If the present contract system is abolished, it may go a long way to help them in their economic life

I have something to say on Prohibition As one of my hon friends pointed out the other day, I am of the opinion, and the Socialist Party has made it clear, that prohibition cannot be tried in this State, when our sister States have failed Let us not make another experiment here in our State at the cost of public exchequer. Before launching on Prohibition, I would like the Minister concerned to think about the people who are in the tapping profession, about their livelihood, which is completely dependant on this particular type of work. Let the Government make adequate arrangements before they think of Prohibition.

شری کے-وینکٹ رام راؤ - مسٹر اسپیکر سر - آبکاری کے محکمہ کے لئے جو ڈیمانڈس پیش کئے گئے ہیں اسکے متعلق و نیز محکمہ آبکاری اور مستاجرین کے باہمی تعلقات کے سلسلہ میں میں اپنے خیالات رکھنا چاہتا ہوں - کنٹراکٹرس کا جو سسٹم انٹروڈیوس (Introduce) کیا گیا ہے اسکے پہلے تعہدداری سسٹم تھا - اسکو ختم کرکے اسکی جگہ پر کنٹراکٹرس (Contractors) کا سسٹم (System) لایا گیا ہے اور یہ کہا گیا ہے کہ اس سسٹم سے رعایا کو فائدہ ہوگا - لیکن میں سمجھتا

ہوں کہ یہ رعایا کے فائدہ کے لئے نہیں ہے بلکہ حکومت کی انکم بڑھانے کے لئے کنٹرا کٹرس کا سسٹم انٹروڈیوس کیا گیا ہے۔ لیکن کنٹرا کٹرس کا سسٹم انٹرو ڈیوس کرنے کے بعد جو سیندھی ناسنے والے مزدور ہیں ان کو کسی قسم کا فائدہ نہیں ہوا۔ اس سے ان کی بھلائی ہو یہ حکومت کا مطمح نظر نہیں تھا۔ اور کلالوں کی طرف حکومت خیال نہیں کر رہی ہے۔ ’’ جوتنے والے کی زمین ،، کے نعرہ کی طرح آنریبل منسٹر نے فرمایا ہے کہ ناسنے والے کو درخت ملنے چاہئیں۔ لیکن میں دیکھتا ہوں کہ جو مختلف بلس پیش کئے گئے ہیں اون میں ایسی کوئی چیز نہیں تھی اور یہ کوئی لیجسلیشن اس سلسلہ میں ہاؤس کے سامنے آیا۔ صرف پروپگنڈے کی خاطر صرف کلالوں کو لبھانے کی خاطر یہ نعرہ لگایا گیا ہے۔ اگر یہ اسکیم پورے ہاؤس کے سامنے آجاتی تو شائد اسکی بھلائیوں اور برائیوں کے بارے میں غور کیا جاسکتا۔ کنٹرا کٹرس کا سسٹم جو تعہد داروں کی جگہ ریپلس (Replace) کرنے کے لئے لایا گیا ہے اس سے تو بڑے بڑے تعہد داروں کو ہی فائدہ پہنچ رہا ہے۔ خصوصاً دیہات میں جو دیسمکھ اور بڑے بڑے زمیندار ہیں اور جو فیوڈل (Feudal) طبقہ ہے وہ کنٹرا کٹرس سسٹم سے فائدہ اٹھارہا ہے۔ گاؤں میں جب کوئی کلال ہمت کر کے آگے بڑھتا ہے اور معاملہ اپنے نام پر لیتا ہے تو یہ دیسمکھ اسکی راہ میں کئی قسم کے روڑے اٹکاتے ہیں۔ اور ایسے حالات پیدا کئے جاتے ہیں کہ اوس کا معاملہ ہرگز نہ چل سکے۔ لیکن پھر بھی کوئی کلال یا مزدور ان مشکلات کو حل کرنے کے بعد چھوٹا موٹا سرمایہ اکٹھا کر کے اپنا معاملہ چلانا چاہتا ہے تو ان حالات کے تحت مجبوراً اوسکو اپنے معاملہ سے دستبردار ہونا پڑتا ہے۔ اور پھر یہی دیشمکھوں کے ہاتھوں میں اپنا معاملہ سونپنا پڑتا ہے۔ کنٹرا کٹرس سسٹم کے تحت ان کلالوں کی حیثیت امپلائز (Employees) کی ہے۔ وہ چار پانچ سو سے لیکر ہزاروں کا معاملہ کرتے ہیں اور خود مستاجروں کی طرح بیٹھکر فائدہ اٹھاتے ہیں۔ جو روٹین (Routine) ہے اسکی وجہ سے دیسمکھوں کو فائدہ ہورہا ہے اسکو روکنے کے لئے گورنمنٹ کام نہیں کر رہی ہے۔ آج آبکاری کے محکمہ میں ہزاروں روپیہ کا بقایا وصول طلب ہے۔ اگر راست کلالوں کو معاملات آبکاری دیئے جاتے تو یہ بقایا نہ رہتا۔ مستاجری سسٹم کی وجہ سے یہ بقایا رہتا ہے۔ حکومت کا اب بھی اسی مستاجری سسٹم کو قائم رکھنے کا ارادہ ہے۔ چھوٹے چھوٹے کلال ہراج میں حصہ نہیں لے سکتے کیونکہ ہزاروں روپیہ کی بولی بولنا پڑتا ہے۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ بڑے مستاجروں کے پاس نوکری کرتے ہیں اور انکو ہر قسم کے ظلم سہنا پڑتا ہے۔ بڑے بڑے لوگ اس کام کے مانوپلسٹ (Monopolist) ہوگئے ہیں مثلاً ڈسپاچی مہتا۔ یہ لوگ کئی دیہات کی سانیں لے لیتے ہیں۔ ان لوگوں کی طرف سے کلالوں پر جو ظلم ہوتا ہے اسکا مرافعہ اعلیٰ سے اعلیٰ عہدہ داروں کے پاس بھی کریں تو اسکی سنوائی نہیں ہوتی۔ یہ لوگ اپنے اثرات کی وجہ سے مرافعہ ختم کرالیتے ہیں۔ ایسی چیزوں کو دور کرنا ضروری ہے۔

اس محکمہ میں جسقدر کرپشن (Corruption) ہے اسکو دبایا جاتی ہے۔۔۔۔۔

شری گو پی ڈی گنگا ریڈی۔کیا ایم ۔ ایل ۔ ایز کےعلاوہ غیر اشخاص بھی اس اجلاس میں ایم ۔ ایل ۔ ایز ۔ کی سیٹس پر بیٹھ سکتے ہیں ؟

مسٹر اسپیکر ۔کیا مطلب ؟

(The question was repeated)

مسٹر اسپیکر ۔ میں نہیں سمجھتا کہ کوئی غیر آدمی ہے ۔ غیر آدمی تو نہیں بیٹھ سکتا ۔

شری گو پی ڈی گنگا ریڈی ۔ ایک غیر آدمی بیٹھا تھا ۔ میں دوسری مرتبہ سوال کرنے سے پہلے ابھی وہ باہر چلا گیا ۔

شری کے ۔ وینکٹ رام راؤ ۔ حالت یہ ہے کہ گرائجویٹ بھی اھ کاری او سب انسپکٹری پر آنے کی کوشش کرتے ہیں ۔ جسطرح سیدھی نئے ہوئے اشخاص بے لگام ہوجاتے ہیں اسی طرح اس محکمہ کا بھی حال ہے ۔ اس محکمہ کے لوگ بھی بے لگام گھوڑے کی طرح ہوگئے ہیں ۔ آنریبل منسٹر کو چاہئے کہ وہ ان بے لگام گھوڑوں پر کنٹرول کریں ۔ دیکھنا یہ ہے کہ وہ خود ان بے لگام گھوڑوں پر کنٹرول کرتے ہیں یا یہ بے لگام گھوڑے ان پر کنٹرول کرتے ہیں ۔

شری گو پی ڈی گنگا ریڈی ۔ میں جنگلات کے وشئے (विषय) میں کچھ کہنا چاہتا ہوں ۔ جسطرح منوشیہ (मनुष्य) کو منوشیہ بنانے کیلئے اور اسکا آروگیہ (आरोग्य) رکھنے کیلئے رکشا (रक्षा) کی ضرورت ہوتی ہے ۔ اسطرح جنگل کو بچانے کیلئے بھی حکومت کو چاہئے کہ اسکی رکشا کرے ۔ لیکن میں جانتا ہوں کہ جب رضاکاروں کی حکومت تھی تب کانگریسی بھائیوں نے جنگل میں گھس کر جنگل کو برباد کردیا ۔ یہ ایسا ھی ہوا جیسا کہ کہا جاتا ہے کہ جس شاخ پر بیٹھے اوسی کو کاٹے ۔ بڑا بھائی جس راستے سے نکلتا ہے چھوٹا بھائی بھی اسی راستے سے نکلتا ہے ۔

مسٹر اسپیکر ۔کیا آنریبل ممبر کا مقصد ۵ سالہ پلان کے بارے میں ہے؟

شری گو پی ڈی گنگا ریڈی ۔ جی ہاں ۔ اسی کے بارے میں ہے ۔ جنگل کی رکشا کیلئے جنگل میں جنگلی جانور رہتے ہیں ۔ان جنگلی جانوروں کو افسر جسطرح ختم کردیتے ہیں اسیطرح اس جنگل کو بھی ختم کردیتے ہیں ۔گاؤں کے کسان لوگ ناگر پٹی وغیرہ لیکر اسکا ستیا ناس کردیتے ہیں ۔ اگر منسٹر صاحب دورے پر آئیں اور میرے ساتھ دورہ کریں تو میں انکو دکھاؤں گا کہ کسقدر جنگل برباد ہوئے ہیں ۔ مگر دوروں کا طریقہ ایسا ہوتا ہے کہ ۱۵ - ۲۰ روز پہلے اطلاع آتی ہے کہ منسٹر صاحب دورے پر آنے والے ہیں ۔ انکے سواگت (स्वागत) کی تیاری ہوتی ہے ۔ اسطرح وہ وہاں جاتے ہیں ۔ وہ جنگل کو جاتے ہیں نہیں معلوم نہیں ۔ برملا میں کتنی بربادی ہوئی ہے میرے ساتھ چلکر دیکھیں تو

معلوم ہوگا ۔ کوئی عہدہ دار وہاں آئے تو میں انکو دکھانے کیلئے تیار ہوں ۔ جنگل کی رکشا کا بلان ڈالتے ہیں مگر اسکو ٹھیک طریقہ سے چلانے کا کوئی انتظام نہیں ہے ۔

چرائی وصول کیجاتی ہے ۔ جسے رسدار اور پٹہ دار ہیں انکے پاس گائیاں ہیں ۔ ۳۲ جانور تک فی جانور ۸ آنہ لئے جارہے ہیں ۔ لیکن غریبوں سے جن کے پاس کوئی زمین نہیں ہوتی اور جو ایک دو بھینس رکھتے ہیں ۱۲ آنے کے حساب سے پیسے لئے جاتے ہیں ۔ یہ طریقہ درست نہیں ہے ۔ اسطرح سے محصورہ گھیرے گئیں ۔ گاؤں کے بالکل بازو سے محصورہ گھیرتے ہیں اور کوئی جانور اس میں جاتا ہے تو پکڑ کر کونڈ واڑے میں ڈال دیتے ہیں ۔ کہا جاتا ہے کہ رشوت دینے والا اور لینے والا دونوں بھی مجرم ہیں ۔ جانور اسکی بھی اسطرح کا مجرم ہے ۔ یہ بالکل ایسی ہی مثال ہے کہ مکان مضبوط بناتے تو چور کیسے چوری کرسکتا ؟ قابل کاشت زمین جنگلات میں رکھکر کہتے ہیں کہ زمین کی قلت ہے ۔ محصورہ کے نام پر ایسی ہزاروں ایکڑ زمین میں بتاسکتا ہوں ۔ رضاکاروں کے زمانے میں شہارتیں آتے تھے تو انکو محصورہ میں زمین دیتے تھے ۔ آج ہریجن زمین زمین کہتے ہیں تو انکو اس میں سے کیوں نہیں دیتے ؟ شہارتیں کی طرح انکو بھی زمین دینا چاہئے ۔ جسوقت منسٹی صاحب نے جھاڑ لگانے کا حکم دیا تو صحرا میں لاکھوں جھاڑ لگائے گئے لیکن انکی حفاظت کرنے والا کوئی نہیں ہے ۔ ایک اصلی کے جھاڑ کے پیچھے ایک جھاڑ لگا دیا گیا ہے جسکا آلہ بنانے کیلئے اسکی بندش کیلئے ساڑھے تین سو روپیہ خرچ ہوئے ۔ ہم پوچھتے ہیں کہ یہ صحرا یہ جنگل کیوں برباد کئے جارہے ہیں ۔ چوکیداروں کا حال یہ ہے کہ وہ کمیونسٹوں کا حیلہ بتا کر انکا سہارا لیکر سیر کر رہے ہیں ۔ غلط پروپگنڈے سے مستاجر اور چوکیدار فائدہ اٹھارہے ہیں اور گورنمنٹ کو نقصان ہورہا ہے ۔ جسطرح کسان ایک کھیتی کی رکشا کرتا ہے اسیطرح جنگل کی بھی رکشا کرنی چاہئے ۔ میں یہ کہونگا کہ پنچ کمیٹی مقرر کرکے جنگل کی حفاظت کا انتظام کرنا چاہئے ۔ گاؤں کے آرو بازو کے مواضعات کے لوگوں کو پنچ کمیٹی میں شریک کرنا چاہئے ۔ اور جنگل کی نگرانی کیلئے جو فضول خرچہ ہورہا ہے اسمیں کمی کرنی چاہئے ۔ جو بھی خرچہ ہوتا ہے اسکا فائدہ حاصل ہونا چاہئے ۔ ہمیں سوچنا چاہئے کہ ہم اپنے دیش کی کسطرح سیوا کرسکتے ہیں ۔ کسطرح حیدرآباد کو آگے بڑھاسکتے ہیں ۔ مجھے بھارت کی ایک کہانی یاد آتی ہے ۔ اگر اسپیکر صاحب کی اجازت ہو تو میں سناؤنگا ۔ آپ کو معلوم ہے کہ بھارت کے اندر کورو (कौरव) اور پانڈو (पाडव) تھے ۔ پانڈو صحیح راستے پر تھے ۔ کوروؤں نے پانڈوؤں کو دھوکے میں رکھا ۔ آج بھی ہمارے بھائی ایسا ہی کر رہے ہیں ۔ میں کہتا ہوں کہ ہمکو دیش کی بھلائی کیلئے ایسا کام کرنا چاہئے کہ غریبوں کا بھلا ہو ۔ اتنا کہکر میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

شری کے ۔ وی ۔ نارائن ریڈی ۔ تقریباً ۸۰ سال ہوئے کہ حیدرآباد میں محکمہ جنگلات قائم کیا گیا تھا جسکے تحت ہماری ریاست کے کل رقبہ کا ۱۱ پرسنٹ علاقہ ہے ۔ دوسرے ممالک کو دیکھیں تو معلوم ہوگا کہ بڑھتی ہوئی ضروریات کیلئے یہ پرسنٹیج بہت کم ہے ۔ اگر ہم جنگلات میں اضافہ کرنا چاہتے ہیں اور اسکی بہبودی چاہتے ہیں

تو ہم کو سائنٹیفک طریقہ پر کام کرنا ہوگا تاکہ جنگلات کا تناسب ۲۰-۳۰ فی صد ہوجائے۔ یہاں میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ہمارا جنگلات کا ڈپارٹمنٹ بہت فرسودہ قسم کا ہے۔ اسلئے میں کہونگا کہ ہاؤس میں جو کنسٹرکٹیو کرٹیسیزم (Constructive Criticism) ہوتا ہے اس پر عمل کرنے کی کوشش ہو کیونکہ ہاؤس میں جو ڈسکشنس ہوتے ہیں وہ ڈبیٹنگ سوسائٹی (Debating Society) کی طرح کے نہیں ہوتے۔ افوریسٹیشن (Afforestation) یا ڈی فوریسٹیشن (Deforestation) ایک سائنٹفک سبجکٹ (Scientific subject) ہے اسلئے اسکے متعلق بہت زیادہ معلومات کی ضرورت ہے۔ لیکن ہمیں کم ازکم اسکے نقائص معلوم کرنا چاہئے۔ میں سمجھتا ہوں کہ آبادی بڑھ رہی ہے اور ہر ۲ منٹ میں ایک بچہ یا بچی وارد ہوجاتی ہے۔ اسلئے ہمیں جنگلات کے متعلق توجہ کرنی چاہئے۔ مالتھس کے نظریہ کے مطابق ہماری خوشحالی اور زرعی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے بارش کی ضرورت ہے۔ اور بارش زیادہ ہونے کے لئے و نیز ہماری آمدنی میں اضافہ ہونیکے لئے جنگلات کا ہونا ضروری ہے۔ اسلئے جنگلات ہمارے لئے کافی اہمیت رکھتے ہیں۔ اسکے علاوہ ہمارے قبائلی عوام جنگلات ہی سے اپنی غذا اور دوسری اشیاء حاصل کرتے ہیں کیونکہ وہاں راشنگ کا انتظام نہیں ہے۔ لیکن قبائلی عوام پر جنگلات کے چوکیدار اور دوسرے ملازمین ظلم و زیادتی کرتے ہیں اسکو ختم کرنا چاہئے۔ اور اسطرح جنگلات میں جو کرپشن (Corruption) ہے اسکو بھی دور کرنا چاہئے کیونکہ یہ جمہوریت کا دور دورہ ہے۔

اسکے علاوہ لکڑی کے استعمال کیلئے گورنمنٹ کے پاس کوئی اسکیم نہیں ہے۔ اور نہ جنگلات کی بہترین لکڑی کے استعمال کیلئے ہمارے پاس کوئی مشنری وغیرہ ہے اسلئے گورنمنٹ کو چاہئے کہ اسبارے میں توجہ کرے۔

اسکے بعد میں جنگلی درندوں کا بھی تذکرہ کرونگا جن سے کہ ہمیں بہت نقصان پہنچ رہا ہے۔ اسلئے انکو تباہ کرنا چاہئے۔ ظہیر آباد کے قریب ایسے جنگلی درندے موجود ہیں جو وہاں کے آدمیوں کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ اسکا فوری تدارک کرنا چاہئے۔

ڈی فارسٹیشن کے متعلق میں کہنا چاہتا تھا لیکن اب وقت نہیں ہے۔ میں صرف اتنا کہونگا کہ یورپین ممالک کے لوگ جو جنگلات کے ماہر ہیں انکی سرویسس سے استفادہ کیا جائے تاکہ اس سے ہمارے ملک کو فائدہ پہنچے۔

శ్రీ కె ఎల్ నరసింహారావు

అధ్యక్ష మహాశయా,

ఇప్పుడు అటవీశాఖ విషయంలోనూ ఆబ్కారీశాఖ విషయంలోనూ ప్రజలకు ఎంతవరకు ఉపయోగ పడుతున్నాయని చర్చ జరుగుతోంది. ఒకటేమంటే అటవీశాఖ ఆబ్కారీ శాఖల విషయంలో స్టేటు కాంగ్రెసు అనగా ఇవ్వాళ్ళ ప్రభుత్వంలో వున్న అధికార వర్గంవారి అభిప్రాయాలు ఏవైతే యుండెనో, వాటిని ఎంతవరకు అమలు జరుపుతున్నారనునది చూడవలసి వుంది. నైజాం నిరంకుశత్వానికి ఆజాదు హైదరాబాదుకు వ్యతిరేకంగా పోరు జరుగుచున్న కాలమందు ప్రజలకు

అనేక రీతుల వాగ్దానాలు చేశారు నేడు మరచారు ఆంధ్రరాష్ట్ర కాంగ్రెసుచే ప్రకటింప బడిన ౧౨–౨–౫౨ తేదీ కరపత్రంలో ఈ విధంగా స్పష్టం చేసియున్నారు

"(౧) తన పొలంలో ఉన్న తాటిచెట్లు, ఈత చెట్లు తన అవసరాలకు తాను కొట్టుకొనడానికి వీలు లేదు. ఎవరి తాతగారి సొమ్ము? వద్దనడానికి తమ సేద్య భూములలో ఈతబొత్తలు మొలచి తన రమణ బీటిచేలలో, చెలకల్లో ఈతబొత్తలు వ్యాపించి వ్యవసాయాన్ని పశువుల మేతను నాశనం చేస్తూంటే వీటిని తీసివేయడానికి కొట్టివేయడానికి అధికారం లేదట, అబ్కారీ శాఖవారి అవ్వల్ తాలూకాద్దారు అనుజ్ఞ కావాలట శాస్త్రోక్తంగా సంచరిస్తే ౧౫ సంవత్సరములైనా వీరి ఆజ్ఞ దొరకదు ప్రజలకు నష్టం కలిగించే ఈ పిచ్చి పిచ్చి ఖానూన్లు ఎగిరిపోవాలె

(౨) జంగ్లాత్ ఖానూన్లు అంతకన్నా అధ్వాన్నం అమలు ఇంకా ఘోరం చుట్టుప్రక్కల జనులకు, తమ పశువులను అడవులలో స్వేచ్ఛగా మేపడానికి తమ స్వంత అవసరాల కొరకు కావలసినంత వంటచెరకు, తమ వ్యవసాయపు పనిముట్లకు కావలసినంత కర్రను తెచ్చుకొనడానికి, తమ ఇండ్లను కట్టుకొనడానికి కావలసిన కలపను రైతులు స్వేచ్ఛగా అడవులలోనుంచి తెచ్చుకొనుటకు జన్మహక్కు ఉంది ఏ ప్రభుత్వం, ఏ సర్కారువారు దీనిని కాదంటారో వారికి నిలిచియుండే అధికారమే లేదు ఇది ప్రజా ప్రభుత్వ యుగం

ఐతే మనకు కూడా స్పష్టంగా తెలుసు జనరలుగా ఆ రెండు శాఖలను గురించి ప్రకటించి నటువంటి ౨౨–౮–౫౨ కరపత్రంలో ఇలావుంది— "(౧) పట్టా భూముల్లో ఉన్న తాటి, ఈత, విప్పచెట్లు కొట్టుకొని స్వంతంకోసం ఉపయోగించండి (౨) బంచరాయి, మొదలైన సమిష్టి గ్రామ ఖండాలలో ఉన్న తాటి, ఈత, విప్పచెట్లను సమిష్టిగా కలసి కొట్టాలి (3) చెట్ల ఆకులను కలపను మీరే మీ ఇండ్లు కట్టు కోడానికి ఉపయోగించండి." ఆ రోజుల్లో స్టేటు కాంగ్రెసు ప్రజానీకానికి పై విధంగా ప్రబోధించింది నా తాలూకాలలో పరిస్థితినిగురించి ముందు చెబుతాను అక్కడంతా కోయజాతివారు జీవిస్తున్నారు అడవులలో పండేవాటితో పొట్టపోసుకునే అలవాటు వారికున్నది ఈత, తాడి, విప్పచెట్లు కొట్టుకోమని, తమపట్టా భూములలో ఉన్న విప్పపువ్వు తీసుకొన వచ్చునని కాంగ్రెసువారు పోరాటకాలంలో చెప్పారు. కాని నేడు తిండికి లేక బాధ పడుతున్నవారు తమ స్వంత భూములలోని విప్పపువ్వు తెచ్చుకుంటే శిక్షిస్తున్నారు

శ్రీ గోపాల రెడ్డి:

దాని ఉపయోగం చెప్పబోతారా ? దాంతో సారా చేస్తున్నారా ?

శ్రీ కె ఎల్ నరసింహారావు

లేదు తిండికి ఉపయోగిస్తున్నారని చెబుతున్నాను వారు ఆహారంగా తింటూంటే వారి మీద జుర్మానాలు విధించటం, అనేక విధాల బాధలు పెట్టడం జరుగుతోంది. ఈ అటవీశాఖ దేశాభివృద్ధికి ఎంతో అవసరం. మేసన్ అనే ఆయన అనేక సంవత్సరాల క్రితం గవర్నమెంటుకు ఒక రిపోర్టు దాఖలు చేశాడు. అటవీ ప్రాంతంలో ఉన్నవారిమీద కేసులుతెచ్చి జుల్మానాలు విధించడం బాగుండలేదు. ఆ ప్రాంతీయ గ్రామాల్లో ప్రజానీకానికి సరియైన రీతిగా వ్యవసాయం

అవసరాల కొరకు వంట చెరకు, తదితర రోజు వారి అవసరాలకు గాసు ప్లాట్సు నిర్మించి, వాటినుండి తెచ్చుకొని ఉచితంగా వినియోగించు కొనుటకు ఏర్పాట్లు చేయాలని సలహా ఇచ్చారు

౧౯౪౩ లో ఒక కరపత్రం నైజాంకు వ్యతిరేకంగా మీరు అడవిమీద ఒస్మానాశ్ర కొని యిచ్చారు అడవులలో కట్టెలుకొట్టి తెచ్చుకొని ఏ పావలాకో, రెండణాలకో అమ్ముకొని తద్వారా అనాదిగా తమ పొట్ట నింపుకొంటున్న పేదలను అదే, నేరానికి ఈరోజు కాంగ్రెస్ ప్రభుత్వం వారిని కోర్టుల కెక్కించడం, జుర్మానాలు వేయించడం, లంచాలు కాజేసి చౌకీదార్లు, ఆఫీసరులు బాగుపడడం జరుగుతోంది మొదట వీరికి అడవిమీద సర్వహక్కు ఉందని కాంగ్రెసు ప్రబోధం చేసింది కావున వాళ్ళ అవసరాలకు కలప సప్లయి చేయవలసి వుంది నిరంకుశంగా ఇవాల్యు షేషన్ స్కీము అమలు జరుప బడినందున ఇండ్లు తగుల బెట్టినందున వాళ్ళు నివసించుటకు గృహాలు లేక సర్వనాశనం అయిపోయారు పై స్కీమువల్ల వ్యవసాయం చేసుకొను అవకాశం లేక వదిలి నందున వేల ఎకరాలు పట్టాభూములు నాలుగు సంవత్సరములనుంచి పడావా పడినవి భూములలో ఈ నాలుగు సంవత్సరాల కాలంలో పెరిగిన కొద్ది లావుపాటి బడితెలు, వరక వగైరా తెచ్చుకొని, పందిగుడిసెలువూడిరి చిన్న చిన్న గుడిసెలు కట్టుకుంటూ వడివుంటే వాళ్ళమీద చౌకీదారులు కేసులుపెట్టి బాధిస్తున్నారు లంచండబ్బు చెల్లించలేని వారిని నానాబాధలు పెడు తున్నారు

శ్రీ ఎస్ ఎల్ శాస్త్రి

వాళ్ళు పట్టాభూములలోవుండే విప్పచెట్లును కొట్టుకొంటున్నారు ఇది మీకుతెలుసా ?

శ్రీ కె ఎల్ నరసింహారావు

అదికాదని ఋజువుచేయడానికి నేను సిద్ధంగా యున్నాను మేము ఏదైతే చెబుతామో దానికి "మీకు తిట్టడమే పని" అని మీరంటారు. గాని అలాంటివాటిని గురించి విచారించ వలసిన బాధ్యత ప్రభుత్వంమీద ఉన్నది మీకు ఇంకొక నిదర్శనం చూపిస్తాను మంచిర్యాలలో అమీను మరియు స్థానిక ముస్తాజరు కలిసి అక్కడ రిజర్వు ఫారెస్టును కొట్టుకొని లక్షోపలక్షలు సంపాయించడం జరిగింది దాన్ని గురించి దరఖాస్తు మినిస్టరుగారికి పంపించారు వారు నాయబ్ నాజింగారిని ఎంక్వయిరీకి పంపించారు గాని ఆయన వెళ్ళి ఎవరిమీదైతే దరఖాస్తు పెట్టారో ఆ ముస్తాజరుగారింట్లో నే మకాం పెట్టారు. ఆ దరఖాస్తును విచారించనే లేదు రజ్‌సం స్ట్రగ్గల్ (Struggle) లో ముస్తాజరులను కంట్రాక్టులు వదలుకొమ్మని కాంగ్రెసు కోరింది రైతులను అడవి కొట్టుకొమ్మని కోరింది దాన్నిప్రకారం కర్ర కొట్టుకొనుట, కంట్రాక్టులు వదలుకొనుట జరిగింది అయితే మనకు చేతుల్లోకి ప్రభుత్వము వచ్చిన తరువాత అధికారులు చేస్తున్నదేమిటి ? హర్రాజులలో పాల్గొని స్టేటు కాంగ్రెసు ఆదేశానుసారం సంచరించిన వారికి వారు దాఖలుచేసిన డబ్బు తిరిగి యివ్వలేదు కాని అమల్ దాఖలు తీసుకొని కలప అమ్ముకొని లాభపడిన వారికి పూర్తిడబ్బు తిరిగియిచ్చారు అమల్‌దఖల్ కూడా తీసుకొనకుండా తాను పాట పాడిన కోపును వదలుకొన్నవారికిమాత్రం తిరిగి యివ్వబడుటలేదు అమల్‌దఖల్ తీసుకొన లేదంటే అడవిని ముట్టుకోలేదన్న మాట ఖానూన్ ప్రకారం కూడా అట్టివారికి డబ్బు తిరిగి పొందుటకు పూర్తి హక్కు వుంది కాని కంట్రాక్టు బాపతు నగదు డబ్బు అట్లా తిరిగి యివ్వడం లేదు. స్టేటు కాంగ్రెసు ఆదేశంప్రకారం జంగ్లాత్ సత్యాగ్రహం చేసినవారికినే ఈవిమ్మడబ్బు

చెల్లించమని వత్తిడి చేశారు గాని అమలుదఖలు చేసుకొని లాభపడినవారికే డబ్బు తిరిగి ఇవ్వడం జరిగింది వట్టిపల్లి అనంతసత్యనారాయణ కారేపల్లిగారిది ఇట్లాంటిదే కేసు ఉంది వారు అన్నిచోట్ల మొత్తుకొని తుదకు ఒక సంవత్సరం క్రితం మురాఫా చేసుకోవడం జరిగింది నాయబ్ నాజింగారు, మంత్రిగారు అతని డబ్బు అతనికి తిరిగి యివ్వడం మంచిదేనని ఒప్పుకొంటారు సిఫారసు చేస్తారుగాని నాజరుగారికి అది అయిష్టమయినందున పేషీలు తబ్దీలుచేయడం, ఆఫీసు చుట్టూ త్రిప్పుకోవడం తప్పదు దీని విషయంలో కనీసం విచారణకైనా శ్రద్ధ తీసికోరు దీనికి కారణం నేను వేరుగా చెప్పనవసరంలేదు ఇలాంటి రహస్యాలు తెలుసుకొనుటకు బాధపడి బుర్ర పాడు చేసుకోవలసిన అవసరం ఏమీ ఉండదు ఇది అందరికీ తెలిసిన బహిరంగ రహస్యమే. అన్నిచోట్ల జరుగుచున్న పనేకదా? పోరాటకాలంలో ఏపైతే వాగ్దానం చేశారో వాటిని నెరవేర్చవలసిన బాధ్యత ఉన్నది దాన్ని కరపత్రాలలో ఏదైతే వ్రాసుకొన్నామో, పాటించక పోతే ఎంతోకాలం నిలువబోరు కావున వాటిని గమనించి ఆ విషయాలను మనం ఆలోచిస్తే బాగుంటుందని నేను చెబుతున్నాను నా కోతతీర్మానం అంగీకరించవలసినదిగా కోరుచున్నాను

شری گروا ریڈی - مسٹر اسپیکر سر - میں ہماری حکومت سے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہمارے جنگلات خاص توجہ کے محتاج ہیں - اور نہ صرف موجودہ جنگلات کی حفاظت ضروری ہے بلکہ مزید جنگلات لگانے کی بھی ضرورت ہے - لیکن مسٹی جی کے اصول کے لحاظ سے یہاں ایک درخت وہاں ایک درخت لگا دیا جائے تو اس سے کوئی فائدہ نہیں ہوسکتا - جنگلات کا جو مقصد ہے وہ اس طرح پورا نہیں ہوسکتا - جنگلات کی وجہ سے بارش ہوتی ہے - اور زمین کی فرٹیلٹی (Fertility) باقی رہتی ہے - اس مقصد کے لئے مسٹی جی کا طریقہ کامیاب نہیں ہوسکتا -

محکمہ جنگلات میں جو رشوت کا دور دورہ ہے اسکی جانب میں آنریبل منسٹر کو توجہ دلانا چاہتا ہوں - وہاں کے چوکیدار کی تنخواہ ایک چپراسی کے برابر ہوتی ہے - لیکن وہ اچھے اچھے مکان بنا سکتا ہے - زمینات خرید سکتا ہے اور کئی جائدادیں پیدا کر سکتا ہے - یہ سب کچھ سوائے رشوت کے ممکن نہیں - چونکہ چوکیدار رشوت لیتے ہیں اسلئے انکے اوپر کے ملازمین صحرا دار اور امین بھی انکے پاس دعوتیں اڑانا اپنا حق سمجھتے ہیں - چوکیدار انہیں کھلاتا پلاتا ہے - اگر ان لوگوں کی جائدادیں دیکھی جائیں تو پتہ چلتا ہے کہ وہ کتنی رشوت لیتے ہیں - مگر یہ رشوت لینے کا رواج کیوں ہے ؟ میں سمجھتا ہوں کہ محکمہ جنگلات کی بنیاد ہی کچھ ایسی ہے کہ اس میں رشوت کا بیج بویا گیا ہے - وہاں کی کارروائیاں اس قسم کی ہوتی ہیں کہ رشوت کے بغیر کام نہیں ہوتا - مثال کے طور پر میں یہ کہونگا کہ پٹہ دار کو اپنی اراضی میں سے لکڑی کاٹنے کا حق دیا گیا ہے - لیکن صحرا دار جا کر کارروائی کرنے کے بعد وہ لکڑی بیچ سکتا ہے - اس طرح کافی رشوت کی گنجائش پیدا ہو جاتی ہے - محکمہ کی حالت یہ ہے کہ اگر کوئی شخص درخواست دے تو چھ چھ مہینے تک کوئی کارروائی نہیں ہوتی اور جب تک رشوت نہ دی جائے کام نہیں نکلتا - اسی طرح بن چرائی کے سلسلے میں بھی

رشوت کی کافی گنجائش ہے۔ گاؤں کے گائے بیل بکریوں کے چرنے کے لئے ایریا (Area) مقرر کر دیا جاتا ہے اور جب اس ایریا کے باہر جانور چرتے ہیں تو چوکیدار اس کے لئے ان جانوروں کے مالکوں سے رشوت لئے بغیر اجازت نہیں دیتا ۔ اور حالت یہ ہے کہ ایسی رشوتوں کے معمول مقرر ہوگئے ہیں ۔ اگر نہ دی جائے تو ڈرایا دھمکایا جاتا ہے ۔ اسکے علاوہ ناگر پٹی بھی وصول کرکے چوکیدار کھا جاتا ہے ۔ ظاہر ہے قریب کی رعایاء اپنی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لئے لکڑی استعمال کرنا چاہتی ہے۔ ایک زمانہ میں کانگریس بھی یہ چاہتی تھی کہ اسکا حق دیا جائے ۔ لیکن اب تک اسکی اجازت نہیں دی گئی ۔ اور اس طرح بھی چوکیدار اور امین کے لئے رشوت لینے کا موقعہ رکھا گیا ہے ۔

جنگل کی پیدا وار گوند ، شہد ، چرونجی ، موہے کا پھول وغیرہ سے جنگل کے ٹرائیبس (Tribes) ہی استفادہ کرتے ہیں اسلئے کہ ان کے لئے کوئی دوسرا ذریعہ نہیں ہوتا ۔ انکے پاس کاشت کے لئے زمین نہیں ہوتی ۔ لیکن گورنمنٹ انہیں بھی اسکی اجازت نہیں دیتی ۔ اسکی کیا وجہ ہے ؟ شہد ہراج کیا جاتا ہے ۔ ٹھیکہ دار شہد حاصل کرکے بیچتا نہیں بلکہ ٹرائبس ہی کو دیکر ان سے ٹیکس وصول کرلیتا ہے ۔ ہر گھر پر یا گھرپٹی پر مرغی یا پیسے وصول کرلیتا ہے ۔ اس عمل میں بھی رشوت کی گنجائش رکھی گئی ہے ۔

بہر حال ان تمام خرابیوں کو دور کرنے کے لئے منسٹر صاحب کی توجہ کی ضرورت ہے ۔

شری داجی شنکر راؤ ۔ اسپیکر سر ۔ میں نے یہ کٹ موشن اسلئے پیش کیا ہے کہ سات آٹھ سال پہلے کچھ کاشتکار اپنے مواضعات چھوڑ کر چلے گئے ہیں ۔ آج یہ مواضعات بے چراغ ہوگئے ہیں ۔ وہاں ارسالی خوبیہ نہیں ہے ۔ اس کے باوجود بھی وہاں کی اراضیات کو محکمہ جنگلات نے محصور کرلیا ہے اور جو کاشتکار یہاں کاشت کرنا چاہتے ہیں انہیں اجازت نہیں دیجاتی ۔

اس میں شک نہیں کہ جنگلات کی ہمیں سخت ضرورت ہے لیکن جن مقامات پر خوبیہ ہو انہیں محصور کر کے کاشت نہ کرنے دینا قابل توجہ ہے ۔ کئی درخواستیں پیش کی گئیں مگر ابھی تک اس پر کوئی زیادہ توجہ نہیں دی گئی اور نہ ان کا کوئی جواب دیا گیا ۔ اس سلسلہ میں میں عادل‌آباد کی ایک مثال دونگا ۔ ایک موضع میں جو عادل‌آباد سے ۳ یا ۴ میل کے فاصلہ پر ہے دو ڈھائی سو ایکر زمین کا اخراج عمل میں آیا اسکی کارروائی لائق علی منسٹری کے زمانہ سے چل رہی ہے ۔ ایک دوسرے موضع میں تقریباً ۹ سو یا ہزار ایکر زمین کا اخراج عمل میں آیا ۔ وہاں کاشتکار جا کر کاشت کرنے کے لئے تیار ہیں ۔ اسی طرح بوتھ نرمل اور کھنوٹ میں بھی ایسے بے چراغ اراضیات موجود ہیں جہاں کاشتکار اب بھی جانے کے لئے تیار ہیں اور وہاں کاشت کرنا چاہتے ہیں ۔ لیکن محکمہ جنگلات اس سلسلہ میں کافی موثر کارروائی نہیں کر رہا ہے ۔ ہم نے اس سلسلہ میں کلکٹر ضلع عادل‌آباد کے پاس اپروچ (Approach) کیا ۔ انہوں نے ہم سے اسبارے میں ضروری کارروائی کرنے کا وعدہ فرمایا اور کاشتکاروں کو یقین

دلایا کہ بکہ جنگلات کے مسودہ سے ایسی زمین دلانے کی کوشش کرینگے - لیکن ۳ - ۴ ماہ کا عرصہ ہوا کہ اس بارے میں کیا کارروائی ہوئی ہے اس کا پتہ نہیں چلا - ہمارے معزز اراکین نے جنگلات بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا ہے - جنگلات کا بڑھایا جانا میں بھی ضروری سمجھتا ہوں - مگر ایسی زمینات جو قابل کاشت ہیں اور جن میں ارسالی چونکہ نہیں ہے ان کو کاشتکاروں کو دینے سے میں نہیں سمجھتا کہ جنگلات کا کوئی نقصان ہوگا - ضلع عادل آباد میں ۳ - ۴ تعلقہ جات سے ایسی کارروائیاں نہیں ہوچکی ہیں - اور دوسرے تعلقہ جات میں بھی اسی قسم کی کارروائیاں چل رہی ہیں - میں امید کرتا ہوں کہ آنریبل منسٹر اس طرف ضرور دھیان دیکر ایسی اراضیات کاشتکاروں کو دینے کے انتظامات کرینگے -

Shri Rajmallu I moved a cut motion, which as a matter of fact should not have been moved because Government have already taken steps towards the abolition of Customs on import. They have already stated that in the future they are going to abolish customs on exports also In view of the fact that for the sake of a few persons, big amounts are spent for their salaries, I wanted to move the cut motion Anyhow, Government has made known its intention to abolish it and I have nothing to say further

Mr Ankush Rao Venkat Rao Mr Speaker, Sir, I have moved a cut motion about the laxity of superintendence in the Excise Department We all know that the P.W D and the Excise are the two Departments in which great supervision is needed, because P.W.D spends money and the Excise is a great source of income to the State. But exactly these are the two Departments, in which supervision is absent

In the Excise Department, in all there are 84 Inspectors to check up the country liquor shops in our State. There are 155 depots, and there are almost 8079 shops in the State. The shops are given to the distributors by auction But the trick that is played by the distributors is that one and the same person continues to get the shop for years to come. When a person who wants to buy the shop goes to the auction, there is some mysterious arrangement between the Inspector and the man who is already owning the shop One man appointed by the shopkeeper will say that he will pay one-thousand and another will say two thousand and so on, until they increase the amount to an extent when the new man will be driven away. But what reaches the exchequer of the Excise Department is the amount stipulated between the shopkeeper and the Inspector Thus the new man is driven away automatically and the old order continues.

There is a great lag in the superintendence and detection of illicit distillation in the countryside The amount that we collect for the Excise Department is 11 crores 8 thousand and odd But if the Moha flowers and the Sendhi trees are also taken into account, then I am sure, the amount may be something like 15 crores There is no account in the Excise Department about the Sendhi trees that have been cut I can say that a number of Sendhi trees have been cut down without the knowledge of the Department, and whatever that we now have, there is no proper system of numbering I am sure reports are being received by the Excise Department now and then, but the officials do not go into the villages and see what exactly is the position. This is a very important Department, and the tricks played by the industry owners should be looked into

I would suggest another thing We get something like 51 lakhs from the Government controlled Distilleries at Narayanguda and Kamareddy What we spend on them is 41 lakhs and some thousands This is an item which is very doubtful in its results and we can do away with it

I woud therefore plead that the number of Inspectors and the staff for superintendence should be increased and the amount of 17 thousand rupees now allotted for marking Sendhi trees is very less The amount given as D A and T A. may be reduced, and more amounts may be spent on the numbering of trees We now sell by contract the Moha flowers I should point out that this is a very defective system A certain amount should be fixed by the Government and if anyone wants to take it, he may do so on our terms. The contracts that are now given are not very successful.

Another point, which I wish to point out is that while alloting the shops, the Government must fix a certain amount, beyond which limit there should be no reduction in the auctions. If these suggestions are accepted, I am sure the revenue from the Excise Department will be much more and our treasuries will be full

مسٹر اسپیکر - جتنے معزز ارکان نے کٹ موشنس پیش کئے تھے ان کی تقریریں ختم ہو گئی ہیں - اگر کسی اور صاحب کو کچھ کہنا ہو تو کہہ سکتے ہیں -

شری وینکٹیشور راؤ (یا کت) - سررشتہ جنگلات میں آئے دن جو رشوت چل رہی ہے وہ بیان سے باہر ہے - سررشتہ جنگلات کے عہدہ داروں پر جنگلات کی نگرانی کی ذمہ داری ہے وہ خود جنگلات کاٹ کر اپنی ناجائز آمدنی کا ذریعہ بنا رہے ہیں - ان باتوں کے سلسلہ میں مسلسل اطلاعات عہدہ داران کو دیگئی ہیں - لیکن انکے انسداد کی طرف کوئی خیال

نہیں کرتا بلکہ اندرونی طور پر خاطیوں کو اطلاع دیدیتے ہیں تا کہ جو کچھ ثبوت فراہم ہونے والا ہو اوسکو ختم کردیا جاسکے ۔ مجھے ڈر ہے کہ اگر سررشتہ جنگلات کا حال اسی طرح رہیگا تو ۱ سال کے اندر ایک بھی جنگل ہمارے ملک میں باقی نہیں رہیگا ۔ میدک ضلع کی حالت میں بیان کرتا ہوں ۔ چند ایسے جنگلات تھے جہاں سے تعمیر مکانات کی لکڑی وغیرہ برآمد ہوسکتی تھی مگر آج ناگر کا دستہ بھی نہیں مل رہا ہے ۔ سررشتہ آبکاری کے متعلق اور خاص کر سیندھی کے دوکانات کے متعلق مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ سرکاری دوکانات کے علاوہ ہر موضع میں بلکہ بنوں میں اور سڑکوں پر جگہ جگہ دوکانات قائم کئے جاتے ہیں بلااجازت عہدہ داران مقتدر وہ لوگ ایسے دوکانات قائم کرتے ہیں اور عہدہ داران مقتدر اس سے چشم پوشی کرتے ہیں ۔ موضع اوسل پلی میں بھی ایسے واقعات ہوئے تو اسکی اطلاع کلکٹر صاحب کو دیگئی جنہوں نے فوری محکمہ کے نام حکم جاری کیا ۔ لیکن افسوس کے ساتھ عرض کرنا پڑتا ہے کہ ۶ ماہ کا عرصہ گزر گیا لیکن کیا کارروائی ہوئی اوسکا پتہ نہیں چل رہا ہے ۔ عہدہ داران کا ایسا طرز عمل ہے کہ خلاف ورزی ہوتی ہوئی دیکھکر بھی چشم پوشی کرتے ہیں ۔ ان کی ایسی پالیسی اسلئے ہے کہ یہ اون کی ناجائز منفعت کا ذریعہ ہے ۔ اسلئے میں حکومت سے عرض کرونگا کہ ان عہدہ داروں کو جو خلاف ورزیاں دیکھکر بھی چشم پوشی کرتے ہیں سزا دیجائے اور اسکا انسداد فرمایاجائے ۔

شری عبدالرحمن ۔ محکمہ جنگلات اور محکمہ آبکاری کے تعلق سے دو باتیں مختصراً عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ محکمہ جنگلات اور محکمہ آبکاری نہایت ہی غیر ذمہ دارانہ طریقہ سے اپنے فرائض انجام دیتے ہیں ۔ ان محکموں کے تعلق سے اگر میں یہ کہوں تو بیجا ہوگا کہ یہ بجائے حکومت کے احکام کی پابندی کرنے کے ہمارے ملک کے عوام کے ساتھ غداری کر رہے ہیں ۔ میں ایک مثال بتاتا ہوں ۔ ہمارے ایک آنریبل ممبر نے ضلع میدک کے محکمہ جنگلات کی بدانتظامی کے متعلق جو کہا ہے وہ سچ ہے ۔ تعلقہ نرساپور ضلع میدک کے ہمارے ہیں محترم دوست گازول ویریا ۔ ٹیکرمایا ۔ وڈلا ویریا نے ایک سو ایکڑ سے زیادہ محصورہ سرکاری جنگل کو بلا اجازت قطع و برید کیا ۔ کہا جاتا ہے کہ ۵۰ ہزار سے زیادہ کا سرکاری نقصان ہوا ۔ وہاں کے مقامی لوگوں نے محکمہ متعلقہ میں اسکی اطلاع کردی اور درخواستیں دیں ۔ ٹیلیگرام بھی کئے ۔ لیکن صرف اتنا ہی ہوا کہ ناظم صاحب جنگلات نے کسی صاحب کو وہاں بھیجا ۔ موصوف پنچنامہ اور معائنہ کر کے واپس آگئے لیکن اسکے بعد ان خاطیوں کے خلاف کوئی کارروائی میرے علم کے مطابق نہیں کیگئی ۔ اوریہ سلسلہ اب تک جاری ہے ۔ اسی طرح کے اور دیگر واقعات ہیں ۔ یہاں حیدرآباد سے صرف ۸ میل کے فاصلہ پر کورے مل کے بن سے ایک شخص لنگال سویا مساجر آبکاری روزانہ سیندھی بلدہ کو لاکر مختلف جگہ فروخت کرتا ہے ۔ جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ اس نے ۱۰ یا ۱۲ ہزار درخت بلا ادخال محصول تراس لئے ہیں ۔ اسکی اطلاع آبکاری کے محکمہ کو کیگئی لیکن متعلقہ عہدہ دار بجائے اسکے کہ تحقیقات کرتے رپورٹ دینے والے ہی کے ساتھ بداخلاقی سے پیش آئے ۔ یقیناً ایسے عہدہ دار اس قابل ہیں کہ ان کو علحدہ کردیاجائے اور خاطی مستاجر کی ساری جائیداد ضبط کرلی جائے مہتمم اور مددگار مہتمم آبکاری تو کام قطعاً نہیں کرتے ۔ میں متعلقہ منسٹر صاحب

سے یہ عرض کرونگا کہ اس جانب توجہ کریں ۔ محکمہ آبکاری میں سب سے زیادہ اہم اور ذمہ دارانہ کام عمر انداری کا ہے ۔ اہمیت کے باوجود اس کام کی نگرانی مہتمم یا انسپکٹر کرتے ہیں اور نہ سب انسپکٹر ۔ انکا کام تو صرف بیٹھک وصول کرنا حکم دینا ، تنخواہ حاصل کرنا ، معمول اور رسوم لیکر عیش کرنا ہے ۔ ایک غریب جسکو (۳۰ تا ۳۵ ½) کا گریڈ ملتا ہے عمر انداری کے اس اہم کام کو انجام دیتا ہے اور یہی وہ ملازم ہے جو اس ڈپارٹمنٹ کے اہم فرائض انجام دیتا ہے ۔ میری رائے میں ان عمر انداروں کی حوصلہ افزائی کی ضرورت ہے ۔ ہونا تو یہ چاہئیے کہ سینیر عمر انداروں کو جنمیں اہلیت ہو سب انسپکٹری کی جائداد پر ترقی دیجائے ۔ جو یقیناً سب انسپکٹری کے لئے موزوں ثابت ہوسکیں گے ۔ عمر انداروں کی تنخواہوں میں بھی کافی اضافہ ہونا چاہئیے ۔

اب میں چاہتا ہوں کہ پولیس ایکشن کے عین قبل اور بعد کے زمانے میں مستاجرین کے جو نقصانات ہوئے ہیں ان کی طرف توجہ دلاؤں ۔ مہتمان آبکاری کی فرضی اور غیر صحیح رپورٹوں کی بناء پر مستاجرین کو نقصانات اٹھانے پڑے ہیں ۔ میں یہ نہیں کہتا کہ سب کے سب مستاجر نقصان بر داشت کئیے ہیں ۔ ایسا نہیں ہے بلکہ بعض مستاجرین کو فی الواقعی نقصان ہوا ہے اور ان کی حالت قابل رحم ہے ۔ انکے اسوقت کے مطالبات معاف کئیے جا سکتے ہیں ۔ متعلقہ مہتمان آبکاری نے ان کے خلاف اس لئیے غلط رپورٹ کی کہ انہوں نے حسب الطلب ان کو رشوت نہیں دی تھی ۔ آج ہی کا واقعہ ہے کہ ابراہیم پٹن میں رام کشٹا ریڈی نامی ایک صاحب سے بقایا وصول کرنے کا حکم دیا گیا حالانکہ وہ پولیس ایکشن کے بعد تباہ ہوگئیے تھے ۔ انکے پاس صرف مویشی باقی رہ گئیے تھے اور وہ بھی ہراج ہورہے تھے ۔ مجھے وقت نہیں تھا اور وہاں کے تحصیلدار صاحب بھی موجود نہ تھے ۔ ورنہ اگر وہ ہوتے یا مجھے انکے آنے تک ٹھیرنے کا وقت ہوتا تو میں ان سے اس بارے میں کہتا کہ یہ بقایا قابل معافی ہے ملتوی کردو ۔ ۵ ۔ ۷ مستاجروں کے حالات سے سررشتہ بخوبی واقف ہے کہ انکے پاس کافی دولت ہے اور وہ ادا کرسکتے ہیں لیکن ان کو معاف دیگئی ہے ۔ اور ایسے مستاجرین سے جو تباہ حال ہیں بے دردی کے ساتھ بقایا وصول کیا جارہا ہے ۔ مجھے امید ہے کہ موجودہ منسٹر صاحب وکیل ہونے کے ناتے پچھلی کارروائیوں کو دیکھیں گے اور ان کا منصفانہ تصفیہ کرنے کی کوشش کرینگے تاکہ یہ خرابیاں دور ہوں ۔

* شری ورکانتم گوپال ریڈی ۔ آج بحث کا موضوع سرکاری آمدنی کے محکمہ سے تعلق رکھتا ہے ۔ جس طرح شہد کے لئے مکھیاں جمع ہوتی ہیں اسی طرح جو آمدنی کا محکمہ ہوتا ہے اس میں بھی برائیاں جمع ہوجاتی ہیں ۔ سررشتہ آبکاری ۔ کروڑ گیری اور جنگلات یہ آمدنی کے محکمے ہیں ۔ ان محکموں میں ناجائز حرکات بھی بہت ہوتے ہیں ۔ لیکن دور اندیشی سے غور کریں تو معلوم ہوگا کہ غیر سماجی عناصر کی جدوجہد کی وجہ سے یہ چیزیں پیدا ہورہی ہیں ۔ جہانتک مجھے علم ہے جب یہ جدو جہد شروع ہوئی اوس زمانے میں آبکاری کی جو آمدنی وصول طلب تھی وہ کمیونسٹوں کے تشددانہ عمل کی وجہ سے جو سرمایہ دار تھے انہوں نے بھی نہیں دی ۔

* Confirmation not received.

ایک آنریبل ممبر - یہ بالکل جھوٹ ہے - ....

شری ورکانتم گوپال ریڈی - وہاں انہی کے معاملات چلتے ہیں - دوسروں کے معاملات نہیں چلتے - میں نلگنڈے کا ہوں اسلئے مجھے وہاں کے حالات معلوم ہیں - ہم جب کبھی ان باتوں کو روکنے کی کوشش کرتے ہیں تو چوکیداروں کو ختم کردیا جاتا ہے - چوکیدار - صحرا دار جنگل میں جانے کےلئے تیار نہیں ہوتے - سرکاری عہدہ‌دارر بھی بغیر پولیس کے جانے کےلئے تیار نہیں ہوتے - جوکچھ ہو رہا ہے اسکا میں ہماری نظروں کے سامنے ہے- پیدا وار پیدا کرنے کی بجائے فصلوں کو جلا دیا گیا ہے -

رشوت کے متعلق کہا جاتا ہے کہ اس محکمہ میں رشوت لی جاتی ہے - میں اسکو ماننے کےلئے تیار ہوں مگر یہ تو غیر سماجی عناصر کی وجہ سے زیادہ ہوگئی ہے - دولاکھ سے زیادہ بغیر لائسنس کے دوکانات قائم کئے گئے - پولیس ایکشن کے پہلےکی گورنمنٹ یہ چاہتی تھی کہ کم سےکم دوکانات رکھنا چاہئے اور جتنا جلد ہوسکے آبکاری کے سررشتہ کو ختم کرنا چاہئے - اس‌وقت سے غیر سماجی عناصر کی جدوجہد شروع ہوئی اور دوکانات کی تعداد بڑھنے لگی - ہر محلہ میں دوکان ہر گلی میں دوکان چنانچہ ہر جگہ‌اور ہر مقام پر دوکان کھلنے لگے -

شری‌وینکٹ رام راؤ - کیا پولس ایکشن سے پہلے اس محکمہ میں رشوت نہیں لی جاتی تھی ؟

شری‌ورکانتم گوپال ریڈی- میں نے یہ تو نہیں کہا -

***شری جے - رام ریڈی**- اسپیکرسر - جنگلات کے تعلق سےبہت کچھ کہا گیا ہے - میں ان لوگوں میں سے نہیں ہوں جو یہ کہتے ہوں کہ جنگلات کے محکمہ میں خرابیاں نہیں ہیں - میں کہونگا کہ خاصکرپولیس ایکشن کے بعد سے جنگلات کا محکمہ مائل بہ ترقی ضرور ہے - نرسا پور تعلقہ کی حدتک جہاں سے میں منتخب ہوکر آیا ہوں میں کہہ‌سکتا ہوں کہ غیر سماجی عناصر نے بعض لوگوں کی ہمت افزائی کی ہے اور انکی ہمت افزائی کی وجہ سے ۳۰ ہزار درخت تباہ ہوئے ہیں - اسبارے میں تحقیقات کی جائے تو حقیقی تعداد معلوم ہوگی کہ کسقدر درخت تباہ ہوئے ہیں - یہ نہیں کہا جاسکتا کہ ریپ کا انسداد نہیں ہوا ہے - لیکن میں یہ کہونگا کہ یکدم رشوت ستانی کا انسداد ہو جائے یہ ممکن نہیں ہے - اسقدر تھوڑے عرصہ میں اسکی توقع کرنا صحیح ہوگا ایک قابل آنریبل ممبر نے فرمایا کہ نرسا پور میں ایک سو ایکر کے رقبہ میں جنگلات تباہ ہوئے ہیں - شائد معزز رکن کو غلط فہمی ہوئی ہے - جس جنگل کا ذکر کیا گیا ہے وہ جنگل کا علاقہ نہیں ہے - وہاں صحرا بندی نہیں ہوئی بلکہ محکمہ مال نے لکھد تھا کہ یہ زمینات پٹے پر دئے جائیں - چیدہ چیدہ چوبینہ کاٹا گیا ہے - وہاں جو چوبینہ کاٹا گیا اس‌کا پنچنامہ کیا گیا ہے - اسلئے یہ کہنا کسی طرح صحیح نہیں ہے -

دوسری بات یہ ہے کہ جنگلات کی جانب سے ۲۹ مواضعات میں جو صحرا بندی ہوئی ہے وہ مواضعات سے ایک فرلانگ کے فاصلہ سے کی جا رہی ہے جسکی وجہ سے

* Confirmation not received.

مواضعات کے باشندوں کو تکلیف ہو رہی ہے - میں مسٹر صاحب متعلقہ سے درخواست کرونگا کہ جنگلات کی صحرا بندی ایک یا دو میل کے فاصلہ سے کی جائے تاکہ وہاں کے باشندوں کو تکلیف نہ ہو - مواضعات قریب ہونے کی وجہ سے عملی طور پر یہ ہوتا ہے کہ مواضعات کی بکریاں جو جنگل میں آجاتی ہیں تو چوکیدار ان کے لئے جرمانہ لیکر بکریوں کو چھوڑ دیتے ہیں - اسکا انسداد اس طرح کیا جاسکتا ہے کہ تین چار سال کے جنگل میں چرنے کی اجازت دیجانی چاہئے - میں سمجھتا ہوں کہ اس سے موجودہ رشوت ستانی کا انسداد ہو جائیگا - اور یہ بھی معلوم ہوسکےگا کہ ہم قانون کو کس حدتک مانتے ہیں - اگر ان احکام سے فائدہ ہو تو اس حکم کو بل کی سکل میں لاکر سطوری لے سکتے ہیں -

آبکاری کے تعلق سے جیسا کہ میرے دوست نے فرمایا کہ دوکانات بہت کم ہیں زیادہ سے زیادہ دوکانات ہوں تو زیادہ سے زیادہ رقم آئیگی لیکن کچھ مدت کے بعد یہ دوکانات بھی ختم ہو جائینگے - میرا خیال یہ ہے کہ جتنے بھی چوری کے دوکانات پر سیندھی بیچی جا رہی ہے بیچنے کے عملے کی غفلت کی وجہ سے ایسا ہورہا ہے - میرے کہنے کا مطلب یہ ہے کہ حالات کے لحاظ سے نیچے کے عہدہ داروں کو بدلنا چاہئے - کتنے بھی احکام نکالے جائیں اس پر عمل نہ ہوتو اصلاح نا ممکن ہے - میں مسٹر صاحب سے متوقع ہوں کہ وہ اس کا انتظام کرینگے کہ عملے کے خیالات کی اصلاح ہو - . . . .

مسٹر اسپیکر - اب آٹھ بج چکے ہیں - چونکہ میں پہلے ہی اعلان کرچکا ہوں کہ ۸ بجے اجلاس کی کارروائی ختم ہوگی اسلئے اب ہاؤس برخاست ہوگا -

ایک چیز اور میں ہاؤس کے علم میں لانا چاہتا ہوں وہ یہ کہ پہلے سے جو نوٹس بھیجی گئی ہے اسکے لحاظ سے کل ۲ بجے سے ٹائم رکھا گیا ہے - لیکن وہ نوٹس کیسلڈ (Cancelled) سمجھی جائے - کہیں غلط فہمی نہ رہے اسلئے میں دوبارہ کہ رہا ہوں کہ کل ہم نو بجے یہاں جمع ہونگے - اس بارے میں غلط فہمی نہ ہونی چاہئے -

ڈاکٹر چنا ریڈی - کوئسچن آور کب سے رکھا جائیگا ؟

مسٹر اسپیکر - کوئسچن آور تو دو بجے ہی سے رکھا جائیگا - کل شروع ہی میں مسٹر متعلقہ آج کی تقریروں کا جواب دینگے -

The House then adjourned till Nine of Clock on Saturday, the 28th June, 1952